[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 5490** **H**

Unique Paper Code : 2142201202

Name of the Paper : Study of Modern Prose I

Name of the Course : **B.A. (Prog.) Urdu – DSC**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

ا۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔

(الف)

''یہ سچ ہے کہ جن مسئلوں کو دنیا سیکڑوں برس کی کاوشوں سے بھی حل نہ کرسکی۔ آج ہم اپنی خوش طبعی کے چند لطیفوں سے انھیں حل نہ کر سکتے، تاہم یہ ماننا پڑے گا کہ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ایک فلسفی، ایک زاہد، ایک سادھو کا خشک چہرہ بنا کر ہم اس مرقع میں کھپ نہیں سکتے۔ جو نقاش فطرت کے موقلم نے یہاں کھینچ دیا ہے۔ جس مرقع میں سورج کی چمکتی ہوئی پیشانی، چاند کا ہنستا ہوا چہرہ ،ستاروں کی چمک، درختوں کا رقص، پرندوں کا نغمہ، آب رواں کا ترنم اور پھولوں کی رنگین ادائیں اپنی اپنی جلوہ طرازیاں رکھتی ہوں، اس میں ہم ایک بجھے ہوئے دل اور سوکھے ہوئے چہرے کے ساتھ جگہ پانے کے یقیناً مستحق نہیں ہو سکتے۔''

P.T.O.

(ب)

''میں ایسے محبت آمیز اصرار پر انکار کیسے کرسکتا تھا مختصر سامان پڑھنے لکھنے کا لے کر ان کے ساتھ ہو لیا۔ایڈیٹر معارف سے وعدہ کر چکا تھا کہ ایک خاص عرصے میں ان کی خدمت میں ایک مضمون بھیجوں گا۔شاکر خان کی کوٹھی پر پہنچ کر میں نے وہ کمرہ دیکھا، جو میرے لیے تیار کیا گیا تھا۔یہ کمرہ کوٹھی کی دوسری منزل میں تھا اور نہایت خوبی سے آراستہ تھا۔اس کی ایک کھڑکی پائیں باغ کی طرف کھلتی تھی۔اور ایک نہایت ہی دلفریب نیچرل منظر میری آنکھوں کے سامنے ہوتا تھا۔صبح کو میں ناشتے کی غرض سے نیچے بلایا گیا۔جب دوسرا پیالہ چائے پی چکا تو اپنے کمرے کو جانے کے لیے اٹھا ہی تھا کہ چاروں طرف سے اصرار ہونے لگا، ہیں ہیں کہیں ایسا غضب نہ کرنا کہ آج ہی سے کام شروع کر دو۔اپنے دماغ کو کچھ تو آرام دو۔''

۲۔ سجاد حیدر یلدرم کے مضمون 'مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

۳۔ عبدالحلیم شرر کی نثر نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

۴۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی نثر نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ پریم چند کی افسانہ نگاری کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۶۔ کرشن چندر کے افسانے 'کالو بھنگی' کے اہم کرداروں کا جائزہ پیش کیجیے۔

۷۔ راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

۸۔ سعادت حسن منٹو کے افسانے 'کھول دو' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔